# جشنِ عید میلاد النبی ﷺ
# کی تاریخی وشرعی حیثیت

اعداد

عطاء الرحمٰن ضیاء اللہ

نشر واشاعت

دفتر تعاون برائے دعوت وتوعیۃ الجالیات ربوہ، ریاض

مملکت سعودی عرب

WWW.IRCPK.COM

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَكَفَىٰ وَسَلَامٌ عَلَىٰ عِبَادِهِ الَّذِينَ اصْطَفَىٰ، أَمَّا بَعْدُ:

عصر حاضر کی بدعات میں سے ایک سنگین بدعت ماہ ربیع الاول کی بارہویں تاریخ کو نبی ﷺ کے یوم پیدائش کا جشن منانا ہے، جسے دنیا کے مختلف ممالک میں لوگ بڑے شوق وعقیدت کے ساتھ مناتے ہیں۔لیکن اس جشن میلاد کی شرعی اور تاریخی حیثیت کیا ہے؟ یہ خطرناک بدعت اس امت کے اندر کہاں سے در آئی؟ اوراس کے در پردہ کیا مقاصد کارفرما تھے؟اس سے اکثر لوگ نابلد اور غافل ہیں۔امید ہے کہ اگر اس حقیقت کی نقاب کشائی کی جائے اوراس کے ایجاد کرنے والوں کے چہروں اوران کے خبیث مقاصد سے پردہ اٹھایا جائے تو سنت رسول کے شیدائیوں اور محبت رسول ﷺ کا دم بھرنے والے مسلمانوں کی سمجھ میں بات ضرور آئے گی،اس پر وہ ٹھنڈے دل سے غور وفکر کریں گے اوران شاءاللہ وہ اس سے تائب ہوکر راہ راست پر آئیں گے۔

خیرالقرون کی تین صدیاں گذر گئیں،لیکن تاریخ کے اندر کہیں بھی اس بات کا ثبوت نہیں ملتا کہ صحابۂ کرام، یا تابعین، یا تبع تابعین اوران کے بعد آنے والے لوگوں میں سے کسی ایک شخص نے بھی میلاد نبی ﷺ کا جشن منایا ہو،حالانکہ وہ نبی ﷺ سے بے پناہ محبت کرنے والے،سنت کا سب سے زیادہ علم رکھنے والے اور آپ ﷺ کی شریعت کی تابعداری کرنے کے بڑے حریص تھے۔

سب سے پہلے جس نے اس بدعت کی ایجاد کی وہ بنوعبید القداح ہیں جو اپنے آپ کو

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net



فاطمی کہتے تھے اور اولاد علی بن ابی طالب رضي الله عنه کی طرف انتساب کرتے تھے، درحقیقت وہ مذہب باطنیہ کے بانیوں میں سے ہیں، ان کا دادا ابن دیصان- جو القداح کے لقب سے معروف، جعفر بن محمد الصادق کا آزاد کردہ غلام اور اہواز کا باسی تھا- عراق کے اندر مذہب باطنیہ کے مؤسسین میں سے تھا، پھر اس نے مغرب (مراکش) کی طرف کوچ کیا اور وہاں اس نے عقیل بن ابی طالب کی طرف اپنا انتساب کیا، اور یہ گمان کیا کہ وہ ان کی نسل سے ہے، جب اس کی دعوت میں غالی رافضیوں کی ایک قوم داخل ہوگئی تو اس نے یہ دعویٰ کیا کہ وہ محمد بن اسماعیل بن جعفر الصادق کی اولاد میں سے ہے، انہوں نے اس کے اس دعویٰ کو قبول کرلیا حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ محمد بن اسماعیل بن جعفر الصادق نے اپنی کوئی اولاد نہیں چھوڑی تھی، اس کے متبعین میں سے حمدان بن قرمط تھا جس کی طرف قرامطہ کی نسبت ہے، پھر ایک مدت کے بعد ان میں سے سعید بن الحسین بن احمد بن عبداللہ بن میمون بن دیصان القداح کے نام سے معروف شخص ظاہر ہوا، اور اس نے اپنا نام ونسب بدل دیا اور اپنے ماننے والوں سے کہا کہ میں: عبیداللہ بن الحسن بن محمد بن اسماعیل بن جعفر الصادق ہوں، اس طرح مغرب (مراکش) میں اس کے فتنے کا ظہور ہوا۔

لیکن علم انساب کے ماہر محققین اس کے اس دعویٰ نسب کا انکار کرتے ہیں، چنانچہ ربیع الآخر ۴۰۲ھ میں فقہا، محدثین، قاضیوں اور صالحین کی جماعت نے محضرنامے تیار کیے جو فاطمیوں (عبیدیوں) کے نسب میں طعن اور قدح پر مشتمل تھے اور سب نے

Free downloading facility of Videos,Audios & Books for DAWAH purpose only, From Islamic Research Centre Rawalpindi

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net



یہ شہادت دی کہ حاکم مصر: منصور بن نزار- ملقب بہ "الحاکم" - بن معد بن اسماعیل بن عبداللہ بن سعید جب بلاد مغرب (مراکش) کی طرف کوچ کیا تو وہاں اپنا نام عبیداللہ اور لقب مہدی رکھ لیا، اس کے اسلاف خوارج تھے، علی بن ابی طالب کی اولاد میں ان کا کوئی نسب نہیں ہے، اور جو کچھ انہوں نے دعویٰ کیا ہے وہ باطل اور جھوٹ ہے، بلکہ علی بن ابی طالب کے خانوادہ کے کسی فرد کے بارے میں ہمیں یہ علم نہیں کہ اس نے انہیں خوارج گردانے میں توقف کیا ہو، حاکم مصر اور اس کے اسلاف کفار، فساق، فجار اور ملحد و زندیق ہیں، اسلام کے منکر اور مجوسیت اور ثنویت کے معتقد ہیں، انہوں نے حدود کو معطل کر دیا، شرمگاہوں کو مباح کر دیا، شراب کو حلال کر دیا ہے اور خونریزی کا بازار گرم کر رکھا ہے، انبیاے کرام کو سب وشتم کرتے، سلف پر لعنت بھیجتے اور ربوبیت کا دعویٰ کرتے ہیں۔ اس محضر پر حنفی، مالکی، شافعی، حنبلی، اہل حدیث، اہل کلام، علماے انساب، علویوں اور عام لوگوں کے دستخط موجود ہیں، جو سب کے سب ان کے نسب میں قدح وطعن کرتے اور انہیں اولاد مجوس یا یہود میں سے قرار دیتے ہیں، ان میں سے بطور مثال: المرتضی، الرضی، ابوالقاسم جزری، ابوحامد اسفرائینی، ابوالحسن قدوری، ابوعبداللہ بیضاوی، ابوعبداللہ صیمری، ابولقاسم تنوخی ہیں، بعض علماء نے ان کے رد میں مستقل کتابیں تصنیف کی ہیں اور اس بات سے نقاب کشائی کی ہے کہ ان کا مذہب ظاہر میں رفض وتشیع اور باطن میں کفر محض تھا۔ (البدایۃ والنہایۃ لابن کثیر ۱۵/ ۵۳۷-۵۴۰)

فاطمیوں (عبیدیوں) کا داخلہ مصر کے اندر ۵/ رمضان ۳۶۲ھ میں ہوا، اور یہی ان کے

Free downloading facility of Videos,Audios & Books for DAWAH purpose only, From Islamic Research Centre Rawalpindi

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net



دورِ حکومت کا آغاز ہے، چنانچہ عام طور سے برتھ ڈے (سالگرہ اور برسی) منانے اور خصوصاً نبی ﷺ کے یوم پیدائش کا جشن منانے کی بدعت عبیدیوں کے عہد میں ظاہر ہوئی، اور انہی لوگوں نے پہلی بار مسلمانوں کے لئے بدعی تقریبات کا دروازہ کھولا، یہاں تک کہ یہ لوگ میلاد نبی ﷺ، میلاد علی بن ابی طالب، میلاد حسن، میلاد حسین اور میلاد فاطمۃ الزہراء منانے کے ساتھ ساتھ، مجوسیوں اور عیسائیوں کے تہواروں کو بھی بڑے تزک واحتشام کے ساتھ مناتے تھے، مثلاً نوروز، غطاس، میلاد مسیح اور عدس وغیرہ، یہ اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ وہ اسلام سے کس قدر دور اور اس کے مخالف تھے، نیز یہ اس بات کی بھی دلیل ہے کہ وہ مذکورہ بالا تقریبات - میلاد نبی، میلاد علی اور میلاد حسن وحسین وغیرہ - کا اہتمام نبی ﷺ سے محبت اور آپ کی آل سے محبت کی خاطر نہیں کرتے تھے، بلکہ ان تقریبات کو ایجاد کرکے درپردہ ان کا مقصد اپنے باطل باطنی مذہب اور فاسد عقیدے کی لوگوں کے درمیان نشرواشاعت اور انہیں صحیح دین اور عقیدۂ سلیمہ سے برگشتہ کرنا تھا۔

سوال یہ ہے کہ کیا کوئی صاحب عقل وشعور اور اپنے دین پر غیور مسلمان' عبیدیوں فاطمیوں کی ایجاد کردہ اس گھناؤنی بدعت کو منائے گا؟!!!

مزید برآں اُس دور کی سماجی حالت پر نظر ڈالنے سے پتہ چلتا ہے کہ عبیدیوں کی سیاست صرف ایک مقصد کے حصول پر مرکوز تھی، اور وہ تھا پوری جانفشانی اور اخلاص کے ساتھ لوگوں کو اپنے مذہب کو قبول کرنے پر آمادہ کرنا اور اسے دیارِ مصر اور آس پاس کے زیرِ حکومت ملکوں میں عام کرنا۔ چنانچہ عبیدی حکام یہود ونصاری کے ساتھ حددرجہ

Free downloading facility of Videos,Audios & Books for DAWAH purpose only, From Islamic Research Centre Rawalpindi

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net



ہمدردی اور رعایت کا برتاؤ کرتے تھے، انہیں اعلیٰ مناصب اور وزارتوں پر فائز کرتے تھے، دوسری طرف اہل سنت کے ساتھ ان کا معاملہ اس کے برخلاف تھا، خلفائے ثلاثہ اور ان کے علاوہ دیگر صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین اور عام سنیوں کو منبر و محراب سے لعن طعن کیا جاتا تھا، ۳۷۲ھ میں تمام بلاد مصر میں تراویح کی نماز بند کردی گئی، ۳۹۵ھ میں مصر کے اندر تمام مسجدوں، عمارتوں، قبرستانوں اور دکانوں پر سلف صالحین کے لعن طعن پر مشتمل عبارتیں لکھوائی گئیں اور اسے رنگ وروغن سے منقش کیا گیا۔ ان تمام چیزوں سے بڑھ کر یہ کہ عبیدی حاکم (منصور بن نزار) نے الوہیت کا دعویٰ کیا، اور لوگوں کو حکم دیا کہ جب خطیب منبر پر اس کا نام ذکر کرے تو اس کی تعظیم میں صف بستہ کھڑے ہوجائیں، چنانچہ اس کے تمام ممالک میں ایسا ہی کیا گیا یہاں تک کہ حرمین شریفین میں بھی، اور خاص طور سے اہل مصر کو یہ حکم تھا کہ جب اس کا ذکر آئے تو وہ سجدہ ریز ہوجایا کریں۔

کیا پھر بھی ایک غیور مسلمان ان دشمنان اسلام کی ایجاد کردہ قبیح بدعت کے منانے کو رسول ﷺ سے عقیدت ومحبت کا نام دے گا؟!!!

**اسلامی بھائیو!** یہ ہے اس میلاد کی تاریخ۔ جسے آج افسوس کہ بہت سارے مسلمان انتہائی گرمجوشی سے مناتے ہیں۔ جس کی آڑ میں عبیدیوں نے اپنے باطنی مذہب کی ترویج اور نشرواشاعت کی، اور سنت اور اہل سنت کا قلع قمع کیا۔ اسی لیے علمائے سنت نے جب سے اس بدعت کی ایجاد ہوئی ہے اس پر نکیر کیا ہے اور اس کی تردید میں بہت کچھ لکھا ہے اور جو لوگ اس کو جائز ٹھہرانے کی کوشش میں دلیلیں تراش کرتے ہیں اسے ''عذر گناہ بدتر

Free downloading facility of Videos,Audios & Books for DAWAH purpose only, From Islamic Research Centre Rawalpindi

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net



از گناہ'' ثابت کیا ہے۔ اگرچہ اس کے بطلان کے لئے بس اتنا کافی ہے کہ خیر القرون میں اس کا کوئی سراغ نہیں ملتا، اور جو چیز سلف کے ہاں دین نہیں تھی وہ اب دین نہیں ہوسکتی، اگر وہ خیر ونیکی کا کام ہوتا تو وہ اسے ہم سے پہلے کر چکے ہوتے، پھر بھی اس بارے میں معروف علمائے سنت کے دو فتوے آپ کی خدمت میں پیش کئے جا رہے ہیں:

**سعودی عرب کے سابق مفتی عام سماحۃ الشیخ عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز رحمہ اللہ جشن میلاد نبی ﷺ کے حکم اور اس میں وقوع پذیر ہونے والے امور کے بارے میں فرماتے ہیں:**

رسول ﷺ کے یوم پیدائش کا جشن منانا جائز نہیں ہے اور نہ ہی آپ کے علاوہ کسی غیر کے، اس لئے کہ یہ دین کے اندر نئی ایجاد کی گئیں بدعتوں میں سے ہے، کیونکہ اسے نہ تو رسول ﷺ نے منایا ہے، اور نہ آپ کے خلفاے راشدین، نہ دیگر صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین اور نہ ہی احسان کے ساتھ ان کی اتباع کرنے والوں نے قرون مفضلہ میں اسے منایا ہے، حالانکہ وہ لوگوں میں سب سے زیادہ سنت کا علم رکھنے والے، رسول اللہ ﷺ سے سب سے کامل محبت کرنے والے اور بعد میں آنے والے لوگوں سے کہیں زیادہ آپ ﷺ کی شریعت کی تابعداری کرنے والے تھے۔ نبی ﷺ سے ثابت ہے کہ آپ نے ارشاد فرمایا:

(( مَنْ أَحْدَثَ فِيْ أَمْرِنَا هٰذَا مَا لَيْسَ مِنْهُ فَهُوَ رَدٌّ )).

Free downloading facility of Videos,Audios & Books for DAWAH purpose only, From Islamic Research Centre Rawalpindi

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net



جس نے ہمارے اس امر (دین) میں کوئی ایسی چیز ایجاد کی جو اس سے نہیں ہے، وہ مردود ہے۔

ایک دوسری حدیث میں ارشاد فرمایا:

(( عَلَيْكُمْ بِسُنَّتِيْ وَسُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِيْنَ الْمَهْدِيِّيْنَ مِنْ بَعْدِيْ تَمَسَّكُوْا بِهَا وَعَضُّوْا عَلَيْهَا بِالنَّوَاجِذِ، وَإِيَّاكُمْ وَمُحْدَثَاتِ الْأُمُوْرِ، فَإِنَّ كُلَّ مُحْدَثَةٍ بِدْعَةٌ، وَكُلَّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ )).

تم میری سنت کو اور میرے بعد ہدایت یافتہ خلفاے راشدین کی سنت کو لازم پکڑو، اسے مضبوطی سے تھام لو اور اسے دانتوں سے جکڑ لو، اور نئی ایجاد کردہ چیزوں سے بچو، کیونکہ ہر نئی ایجاد کردہ چیز بدعت ہے، اور ہر بدعت گمراہی ہے۔

مذکورہ دونوں حدیثوں کے اندر سختی کے ساتھ بدعتیں ایجاد کرنے اور ان پر عمل کرنے سے متنبہ کیا گیا ہے۔ نیز اللہ سبحانہ وتعالیٰ اپنی کتاب مبین کے اندر ارشاد فرماتا ہے:

﴿وَمَا آتَاكُمُ الرَّسُولُ فَخُذُوهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانتَهُوا وَاتَّقُوا اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ شَدِيدُ الْعِقَابِ﴾

جو کچھ رسول تمہیں دیں اسے لے لو، اور جس سے روک دیں اس سے باز آ جاؤ، اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو، یقیناً اللہ تعالیٰ سخت عذاب والا ہے۔ (سورۃ الحشر: ۷).

دوسرے مقام پر اللہ عزوجل نے فرمایا:

﴿فَلْيَحْذَرِ الَّذِينَ يُخَالِفُونَ عَنْ أَمْرِهِ أَن تُصِيبَهُمْ فِتْنَةٌ أَوْ يُصِيبَهُمْ عَذَابٌ

Free downloading facility of Videos,Audios & Books for DAWAH purpose only, From Islamic Research Centre Rawalpindi

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net



أَلِيمٌ﴾

جو لوگ حکم رسول کی مخالفت کرتے ہیں انہیں ڈرتے رہنا چاہئے کہ کہیں ان پر کوئی زبردست آفت نہ آ پڑے یا انہیں دردناک عذاب نہ پہنچے۔(سورۃ النور:۶۳).

اور فرمایا:

﴿لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَن كَانَ يَرْجُو اللَّهَ وَالْيَوْمَ الْآخِرَ وَذَكَرَ اللَّهَ كَثِيراً﴾

یقیناً تمہارے لئے رسول اللہ میں عمدہ نمونہ موجود ہے، ہر اس شخص کے لئے جو اللہ تعالی کی اور قیامت کے دن کی توقع رکھتا ہے اور بکثرت اللہ تعالی کی یاد کرتا ہے۔(سورۃ الاحزاب:۲۱).

اور فرمایا:

﴿وَالسَّابِقُونَ الْأَوَّلُونَ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ وَالْأَنصَارِ وَالَّذِينَ اتَّبَعُوهُم بِإِحْسَانٍ رَّضِيَ اللّهُ عَنْهُمْ وَرَضُواْ عَنْهُ وَأَعَدَّ لَهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي تَحْتَهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَداً ذَلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ﴾

جو مہاجرین اور انصار سابق اور مقدم ہیں اور جتنے لوگ اخلاص کے ساتھ ان کے پیرو ہیں اللہ ان سب سے راضی ہوا اور وہ سب اس سے راضی ہوئے اور اللہ نے ان کے لئے ایسے باغ مہیا کر رکھے ہیں جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی جن میں ہمیشہ رہیں گے، یہ بڑی کامیابی ہے۔(سورۃ التوبۃ:۱۰۰).

Free downloading facility of Videos,Audios & Books for DAWAH purpose only, From Islamic Research Centre Rawalpindi

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net



اور ارشاد فرمایا:

﴿الْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي وَرَضِيتُ لَكُمُ الإِسْلَامَ دِينًا﴾

آج میں نے تمہارے لئے دین کو کامل کردیا اور تم پر اپنا انعام بھرپور کردیا اور تمہارے لئے اسلام کے دین ہونے پر رضامند ہوگیا۔ (سورۃ المائدۃ:۳).

اس معنی کی آیتیں بہت زیادہ ہیں۔

اس طرح کے برتھ ڈے (سالگرہ اور برسی) کی تقریبات کے ایجاد کرنے سے یہ مفہوم نکلتا ہے کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے اس امت کے لئے دین کو کامل نہیں کیا ہے، اور رسول ﷺ نے اس چیز کی تبلیغ نہیں کی ہے جس پر عمل کرنا امت کے لئے مناسب ہے، یہاں تک کہ یہ متاخرین آئے اور اللہ کی شریعت میں ایسی چیز ایجاد کر ڈالی جس کا اللہ تعالیٰ نے حکم نہیں دیا ہے، یہ خیال کرتے ہوئے کہ یہ انہیں اللہ تعالیٰ سے قریب کردے گا۔ بلاشبہ یہ بہت خطرناک ہے اور اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ پر اعتراض ہے، جبکہ اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کے لئے دین کو مکمل کردیا ہے، اور ان پر اپنی نعمتیں بھرپور کردی ہیں۔

رسول ﷺ نے واضح طور پر اسلام کے احکام کی تبلیغ کردی ہے، اور کوئی بھی ایسا راستہ جو جنت تک پہنچانے والا اور جہنم سے دور کرنے والا ہے اسے امت کے لئے بیان کردیا ہے، جیسا کہ صحیح حدیث کے اندر عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے ثابت ہے کہ رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا:

Free downloading facility of Videos,Audios & Books for DAWAH purpose only, From Islamic Research Centre Rawalpindi

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net



(( مَا بَعَثَ اللّٰهُ مِنْ نَبِيٍّ إِلَّا كَانَ حَقًّا عَلَيْهِ أَنْ يَدُلَّ أُمَّتَهُ عَلَىٰ خَيْرٍ يَعْلَمُهُ لَهُمْ، وَيُنْذِرَهُمْ مِنْ شَرٍّ يَعْلَمُهُ لَهُمْ ))

اللہ تعالیٰ نے جس نبی کو بھی مبعوث فرمایا ہے اس پر یہ واجب تھا کہ وہ جو بھی خیر وبھلائی ان کے لئے جانتا تھا اپنی امت کی اس طرف رہنمائی کرے اور وہ جو بھی شر وبرائی ان کے لئے جانتا تھا انہیں اس پر متنبہ اور آگاہ کرے۔ (صحیح مسلم)

اور یہ بات معلوم ہے کہ ہمارے نبی ﷺ تمام انبیاء میں افضل اور ان کے خاتم ہیں، اور ان سب میں تبلیغ اور نصیحت وخیر خواہی کے اعتبار سے کامل ترین ہیں، اگر جشن میلاد منانا اس دین سے ہوتا جسے اللہ سبحانہ وتعالیٰ پسند فرماتا ہے، تو رسول ﷺ اسے امت کے لئے ضرور بیان کرتے، یا اسے اپنی زندگی میں منائے ہوتے، یا اسے آپ کے صحابہ رضی اللہ عنہم منائے ہوتے، لہٰذا جب ان میں سے کوئی چیز واقع نہیں ہوئی تو معلوم ہوا کہ اس کا دین اسلام سے کوئی سروکار نہیں ہے، بلکہ وہ ان نو ایجاد کردہ چیزوں میں سے ہے جس سے رسول ﷺ نے اپنی امت کو متنبہ اور آگاہ کیا ہے، جیسا کہ سابقہ دو حدیثوں میں اس کا ذکر ہو چکا ہے۔ ان دونوں حدیثوں کے معنی میں دیگر حدیثیں بھی وارد ہوئی ہیں، مثلاً خطبہ جمعہ میں آپ ﷺ کا یہ فرمان:

(( أَمَّا بَعْدُ، فَإِنَّ خَيْرَ الْحَدِيثِ كِتَابُ اللّٰهِ، وَخَيْرَ الْهَدْيِ هَدْيُ مُحَمَّدٍ، وَشَرَّ الْأُمُورِ مُحْدَثَاتُهَا، وَكُلَّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ )).

امابعد، بہترین بات اللہ تعالیٰ کی کتاب ہے، اور بہترین راستہ محمد ﷺ کا

Free downloading facility of Videos,Audios & Books for DAWAH purpose only, From Islamic Research Centre Rawalpindi

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net



راستہ ہے، بدترین امور وہ ہیں جو نئی نئی ایجاد کر لی گئیں ہوں، اور ہر بدعت ضلالت ہے۔ (صحیح مسلم)

اس باب میں آیتیں اور احادیث بہت زیادہ ہیں، علما کی ایک جماعت نے مذکورہ دلیلوں وغیرہ پر عمل کرتے ہوئے جشن میلاد منانے کا صراحت کے ساتھ انکار کیا ہے اور اس سے متنبہ کیا ہے، جبکہ بعض متاخرین نے اس کی مخالفت کی ہے اور اسے جائز قرار دیا ہے بشرطیکہ وہ کسی طرح کے منکر امور پر مشتمل نہ ہو، مثلاً رسول ﷺ کی ذات میں غلو کرنا، مردوزن کا اختلاط، لہو ولعب (گانے بجانے) کے آلات کا استعمال اور اس کے علاوہ دیگر امور جسے شریعت مطہرہ منکر سمجھتی ہے، اور یہ گمان کیا ہے کہ یہ بدعتِ حسنہ میں سے ہے۔

شرعی قاعدہ یہ ہے کہ جس چیز کے اندر لوگوں کے مابین نزاع ہو اسے اللہ تعالیٰ کی کتاب اور اس کے رسول محمد ﷺ کی سنت کی طرف لوٹایا جائے۔ جیسا کہ اللہ عزوجل کا فرمان ہے:

﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ أَطِيعُواْ اللّهَ وَأَطِيعُواْ الرَّسُولَ وَأُوْلِي الأَمْرِ مِنكُمْ فَإِن تَنَازَعْتُمْ فِي شَيْءٍ فَرُدُّوهُ إِلَى اللّهِ وَالرَّسُولِ إِن كُنتُمْ تُؤْمِنُونَ بِاللّهِ وَالْيَوْمِ الآخِرِ ذَلِكَ خَيْرٌ وَأَحْسَنُ تَأْوِيلاً﴾

اے ایمان والو! فرمانبرداری کرو اللہ تعالیٰ کی اور فرمانبرداری کرو رسول (ﷺ) کی اور تم میں سے اختیار والوں کی۔ پھر اگر کسی چیز میں اختلاف کرو تو اسے لوٹاؤ اللہ کی طرف اور رسول کی طرف، اگر تمہیں اللہ تعالیٰ پر اور قیامت کے دن پر ایمان

Free downloading facility of Videos,Audios & Books for DAWAH purpose only, From Islamic Research Centre Rawalpindi

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net



ہے۔ یہ بات بہتر ہے اور انجام کے اعتبار سے بہت اچھا ہے۔(سورۃ النسا:۵۹).

اور اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

﴿وَمَا اخْتَلَفْتُمْ فِيهِ مِن شَيْءٍ فَحُكْمُهُ إِلَى اللَّهِ﴾

اور جس چیز میں تمہارا اختلاف ہو اس کا فیصلہ اللہ تعالیٰ ہی کی طرف ہے۔

(سورۃ الشوری:۱۰)

ہم نے اس مسئلہ-جشن میلاد النبی-کو اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی کتاب کی طرف لوٹایا تو ہم نے پایا کہ وہ ہمیں رسول ﷺ کی اس چیز کے اندر اتباع کا حکم دیتا ہے جسے لے کر آپ آئے ہیں، اور اس چیز سے بچنے کا حکم دیتا ہے جس سے آپ ﷺ نے ہمیں روکا ہے، اور ہمیں اس بات کی خبر دیتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس امت کے لئے اس کے دین کو مکمل کر دیا ہے، اور یہ جشن منانا ان چیزوں میں سے نہیں ہے جسے رسول ﷺ لے کر آئے ہیں، سو وہ اس دین میں سے نہیں ہے جسے اللہ تعالیٰ نے ہمارے لئے کامل فرمایا ہے اور ہمیں اس کے اندر رسول ﷺ کی اتباع کا حکم دیا ہے۔

ہم نے اس مسئلہ کو سنت رسول ﷺ کی طرف بھی لوٹایا تو ہمیں اس کے اندر یہ بات نہیں ملی کہ آپ نے اسے خود منایا ہے، اور نہ ہی یہ بات کہ آپ نے اس کا حکم دیا ہے اور نہ ہی یہ بات کہ آپ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے اسے منایا ہے، لہٰذا اس سے ہمیں پتہ چلا کہ وہ دین میں سے نہیں ہے، بلکہ وہ نو ایجاد کردہ بدعتوں میں سے اور اہل کتاب یہود ونصاریٰ کے تہواروں میں مشابہت اختیار کرنے میں سے ہے، اس سے ہر معمولی بصیرت اور حق کی

Free downloading facility of Videos,Audios & Books for DAWAH purpose only, From Islamic Research Centre Rawalpindi

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net



رغبت رکھنے والے اوراس کی طلب میں انصاف سے کام لینے والے کے لئے یہ روز روشن کی طرح واضح اورعیاں ہوجاتا ہے کہ جشنِ میلاد منانا دین اسلام میں سے نہیں ہے، بلکہ وہ ان نوایجاد کردہ بدعتوں میں سے ہے جسے اللہ سبحانہ وتعالیٰ اوراس کے رسول ﷺ نے ترک کرنے اوراس سے بچنے کا حکم دیا ہے،اورعقلمند آدمی کے لئے یہ مناسب نہیں ہے کہ وہ چہاردانگ عالم میں اس کو منانے والوں کی کثرت سے دھوکہ کھائے، کیونکہ حق زیادہ لوگوں کے کرنے سے نہیں پہچانا جاتا، بلکہ حق کے پرکھنے کا معیار اورکسوٹی شرعی دلیلیں ہیں، جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے یہود ونصاریٰ کے بارے میں ارشادفرمایا:

﴿وَقَالُوا لَن يَدْخُلَ الْجَنَّةَ إِلَّا مَن كَانَ هُوداً أَوْ نَصَارَى تِلْكَ أَمَانِيُّهُمْ قُلْ هَاتُوا بُرْهَانَكُمْ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ﴾

یہ کہتے ہیں کہ جنت میں یہود ونصاریٰ کے سوا اورکوئی نہ جائے گا، یہ صرف ان کی آرزوئیں ہیں،ان سے کہو کہ اگر تم سچے ہوتو دلیل تو پیش کرو۔(سورۃ البقرۃ:۱۱۱)

اورفرمایا:

﴿وَإِن تُطِعْ أَكْثَرَ مَن فِي الْأَرْضِ يُضِلُّوكَ عَن سَبِيلِ اللّٰهِ﴾

اوردنیا میں زیادہ لوگ ایسے ہیں کہ اگر آپ ان کا کہنا ماننے لگیں تو وہ آپ کواللہ کی راہ سے بےراہ کردیں۔(سورۃ الانعام:۱۱٦)

یہ جشن میلاد-بدعت ہونے کے ساتھ ساتھ-اکثر وبیشتر دیگر منکرات پربھی مشتمل ہوتا ہے،مثلاً مردوزن کا اختلاط،گانا بجانا اورآلات موسیقی کا استعمال،نشہ آوراشیا کا استعمال

Free downloading facility of Videos,Audios & Books for DAWAH purpose only, From Islamic Research Centre Rawalpindi

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net



اوراس کے علاوہ دیگر برائیاں، بسااوقات اس سے بھی عظیم ترین چیز شرک اکبر کا ارتکاب کیا جاتا ہے، اور وہ اس طرح کہ رسول اللہ ﷺ کی ذات گرامی یا آپ کے علاوہ دیگر اولیا کے بارے میں غلو کرنا، انہیں پکارنا، ان سے فریاد کرنا اوران سے مدد مانگنا، اور یہ عقیدہ رکھنا کہ آپ غیب کا علم رکھتے ہیں، اس کے علاوہ دیگر کفریہ امور جسے لوگ نبی ﷺ کے یوم پیدائش کا جشن، یا آپ کے علاوہ دیگر اولیا کا عرس مناتے وقت کرتے ہیں، جبکہ رسول ﷺ سے صحیح حدیث میں ثابت ہے کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

«إِيَّاكُمْ وَالْغُلُوَّ فِي الدِّيْنِ، فَإِنَّمَا أَهْلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمُ الْغُلُوُّ فِي الدِّيْنِ»

تم دین کے اندر غلو کرنے سے بچو، کیونکہ تم سے پہلے لوگوں کو دین کے اندر غلو نے ہلاک کر دیا۔

اور آپ علیہ الصلاۃ والسلام نے ارشاد فرمایا:

«لَا تُطْرُوْنِي كَمَا أَطْرَتِ النَّصَارَىٰ ابْنَ مَرْيَمَ إِنَّمَا أَنَا عَبْدٌ فَقُوْلُوْا عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهُ».

تم (میری تعریف میں غلو کر کے) مجھے حد سے نہ بڑھاؤ جس طرح کہ نصاریٰ نے عیسی ابن مریم علیہ السلام کو حد سے بڑھا دیا تھا، میں اللہ کا بندہ ہوں، لہٰذا تم مجھے اللہ تعالیٰ کا بندہ اوراس کا رسول کہو۔ (صحیح بخاری).

عجب بالائے عجب یہ ہے کہ بہت سے لوگ ان بدعی جشنوں کو منانے میں نہایت سرگرمی اور تندہی کا مظاہرہ اوراس کا دفاع کرتے ہیں، لیکن جو اللہ تعالیٰ نے ان کے

Free downloading facility of Videos,Audios & Books for DAWAH purpose only, From Islamic Research Centre Rawalpindi

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net



اوپر جمعوں اور جماعت کی نمازوں میں حاضر ہونا واجب قرار دیا ہے اس سے پیچھے رہتے ہیں، اس پر سرنہیں اٹھاتے اور نہ ہی یہ خیال کرتے ہیں کہ انہوں نے کسی عظیم منکر کا ارتکاب کیا ہے، بلا شک وشبہ یہ ایمان کی کمزوری، قلت بصیرت اور اس زنگ کی کثرت کی وجہ سے ہے جو انواع واصناف کے گناہوں اور نافرمانیوں کے ارتکاب کے سبب ان کے دلوں پر لگ گیا ہے، ہم اللہ سے اپنے لئے اور تمام مسلمانوں کے لئے عافیت کا سوال کرتے ہیں۔

انہی منکرات میں سے یہ بھی ہے کہ بعض لوگ یہ گمان کرتے ہیں کہ رسول ﷺ اس محفل میلاد میں حاضر ہوتے ہیں، اس لئے وہ آپ کا خیر مقدم کرتے ہوئے اور مرحبا کہتے ہوئے کھڑے ہوجاتے ہیں، یہ نہایت باطل اور قبیح ترین جہالت ہے، کیونکہ رسول ﷺ قیامت قائم ہونے سے پہلے پہلے نہ تو اپنی قبر سے نکل سکتے ہیں، نہ کسی شخص سے مل سکتے ہیں اور نہ ہی ان کے اجتماع میں حاضر ہوسکتے ہیں، بلکہ آپ قیامت تک کے لئے اپنی قبر میں مقیم ہیں اور آپ کی روح اعلیٰ علیین میں اپنے رب کے پاس دار کرامت میں ہے، جیسا کہ اللہ تعالیٰ سورۃ المومنون میں ارشاد فرماتا ہے:

﴿ثُمَّ إِنَّكُم بَعْدَ ذَلِكَ لَمَيِّتُونَ ثُمَّ إِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ تُبْعَثُونَ﴾

اس کے بعد پھر تم سب یقیناً مرجانے والے ہو۔ پھر قیامت کے دن بلا شبہ اٹھائے جاؤ گے۔ (سورۃ المومنون: ۱۵-۱۶)

اور نبی ﷺ نے ارشاد فرمایا:

Free downloading facility of Videos,Audios & Books for DAWAH purpose only, From Islamic Research Centre Rawalpindi

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net



«أَنَا أَوَّلُ مَنْ يَنْشَقُّ عَنْهُ الْقَبْرُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَأَنَا أَوَّلُ شَافِعٍ وَأَوَّلُ مُشَفَّعٍ»

قیامت کے دن سب سے پہلے میری ہی قبر پھٹے گی، اور میں ہی پہلا سفارشی ہوں گا اور سب سے پہلے میری ہی شفاعت قبول ہوگی۔

چنانچہ یہ آیت کریمہ اور حدیث شریف اور اس کے ہم معنی دیگر آیات واحادیث اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ نبی ﷺ اور آپ کے علاوہ دیگر اموات اپنی قبروں سے قیامت کے دن ہی باہر نکلیں گے، اور اس بات پر علمائے مسلمین کا اجماع ہے، اس کے بارے میں ان کے مابین کوئی اختلاف نہیں ہے۔ لہٰذا ہر مسلمان کے لیے مناسب ہے کہ وہ ان باتوں سے آگاہ رہے، اور ان بدعات وخرافات سے بچے جسے جاہلوں اور ان کے مشابہ دیگر لوگوں نے ایجاد کرلیا ہے جس کے متعلق اللہ تعالیٰ نے کوئی سند نہیں اتاری ہے۔ اللہ ہی کی ذات مدد طلب کئے جانے کے قابل ہے اور اسی پر بھروسہ ہے۔ ولاحول ولاقوة إلا بالله۔

فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح العثیمین رحمہ اللہ سے سوال کیا گیا: نبی ﷺ کے یوم پیدائش کا جشن منانا کیسا ہے؟ تو علامہ موصوف رحمہ اللہ نے جواب دیا:

**اولاً**: رسول ﷺ کی پیدائش کی رات قطعی طور پر معلوم نہیں ہے، بلکہ بعض عصری علوم کے ماہرین کی تحقیق یہ ہے کہ وہ ربیع الاول کی نویں رات ہے، اس کی بارہویں رات نہیں ہے، بنابریں ربیع الاول کی بارہویں تاریخ کو آپ ﷺ کے یوم پیدائش کا جشن منانا تاریخی اعتبار سے بے اصل وبے بنیاد ہے۔

Free downloading facility of Videos,Audios & Books for DAWAH purpose only, From Islamic Research Centre Rawalpindi

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net



**ثانیاً**: شرعی اعتبار سے بھی جشن میلاد کی کوئی اصل اور بنیاد نہیں ہے، اس لئے کہ اگر وہ اللہ کی شریعت میں سے ہوتا تو نبی ﷺ اسے ضرور مناتے، یا امت کو اس کی تبلیغ کرتے، اور اگر آپ نے اسے منایا ہوتا یا اس کی تبلیغ کی ہوتی تو اس کا محفوظ ہونا ضروری تھا، اس لیے کہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

﴿إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَإِنَّا لَهُ لَحَافِظُونَ﴾

ہم نے ہی اس ذکر (قرآن) کو نازل فرمایا ہے اور ہم ہی اس کے محافظ ہیں۔
(سورۃ الحجر:۹)

جب ان میں سے کسی چیز کا کوئی ثبوت نہیں ہے تو معلوم ہوا کہ یہ اللہ تعالیٰ کے دین میں سے نہیں ہے، اور جب وہ اللہ تعالیٰ کے دین میں سے نہیں ہے تو ہمارے لئے جائز نہیں ہے کہ ہم اس کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کی عبادت کریں اور اس کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کا تقرب حاصل کریں، اور جب اللہ تعالیٰ نے ہمارے لیے اس تک پہنچنے کے لیے ایک معین راستہ مقرر فرمادیا ہے اور وہ راستہ وہی ہے جسے رسول ﷺ لے کر آئے ہیں، تو پھر ہمارے لئے جبکہ ہم اس کے غلام اور بندے ہیں یہ کیسے جائز ہوسکتا ہے کہ اس تک پہنچنے کے لئے ہم اپنی طرف سے کوئی طریقہ اور راستہ ایجاد کریں؟ یہ اللہ تعالیٰ کے حق میں ایک جرم ہے کہ ہم اس کے دین میں کسی ایسی چیز کو مشروع قرار دے لیں جس کا اس دین سے کوئی تعلق اور سروکار نہیں ہے۔ نیز یہ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کی تکذیب پر بھی مشتمل ہے:

﴿الْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي﴾

Free downloading facility of Videos,Audios & Books for DAWAH purpose only, From Islamic Research Centre Rawalpindi

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net



آج میں نے تمہارے لیے تمہارے دین کو کامل کر دیا اور تم پر اپنا انعام بھرپور کر دیا۔
(سورۃ المائدۃ:۳)

لہٰذا ہم کہتے ہیں کہ یہ جشن میلاد اگر کمال دین میں سے ہے تو اس کا رسول ﷺ کی وفات سے پہلے موجود ہونا ضروری ہے، اور اگر وہ کمال دین میں سے نہیں ہے تو اس کا دین سے ہونا ممکن نہیں، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

﴿الْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ﴾

آج میں نے تمہارے لئے تمہارے دین کو کامل کر دیا۔ (سورۃ المائدۃ:۳)

اور جو شخص یہ گمان کرے کہ وہ کمال دین میں سے ہے حالانکہ اس کا وجود رسول ﷺ کے بعد ہوا ہے تو اس کا یہ قول اس آیت کریمہ کی تکذیب پر مشتمل ہے۔ اور اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ وہ لوگ جو رسول علیہ الصلاۃ والسلام کی پیدائش کا جشن مناتے ہیں ان کا مقصد رسول ﷺ کی تعظیم، آپ ﷺ کی محبت کا اظہار اور لوگوں کے اندر اس جشن میں نبی ﷺ کے تئیں جذبات کو ابھارنا ہے، اور یہ ساری چیزیں عبادات میں سے ہیں؛ رسول علیہ الصلاۃ والسلام کی محبت عبادت ہے، بلکہ آدمی کا ایمان اس وقت تک کامل نہیں ہو سکتا جب تک کہ رسول ﷺ اس کے نزدیک اس کی جان، اس کی اولاد، اس کے والدین اور تمام لوگوں سے زیادہ محبوب نہ ہو جائیں، اور رسول ﷺ کی تعظیم کرنا عبادت ہے، اسی طرح نبی ﷺ کے تئیں جذبات کو ابھارنا دین میں سے ہے، کیونکہ اس کے اندر آپ کی شریعت کی طرف میلان پایا جاتا

Free downloading facility of Videos,Audios & Books for DAWAH purpose only, From Islamic Research Centre Rawalpindi

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net



ہے، لہٰذا اللہ تعالیٰ کا تقرب حاصل کرنے کے لیے اور اس کے رسول ﷺ کی تعظیم کے لئے نبی ﷺ کے یوم پیدائش کا جشن منانا عبادت ہوا، اور جب یہ عبادت ہے تو کبھی بھی یہ جائز نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ کے دین میں ایسی چیز ایجاد کی جائے جو اس کا حصہ نہیں ہے، لہٰذا جشن میلاد منانا بدعت اور حرام ہے۔ اس پر مزید یہ کہ ہم سنتے ہیں کہ اس جشن کے اندر ایسے عظیم منکرات پائے جاتے ہیں جسے نہ شریعت جائز قرار دیتی ہے اور نہ ہی حس اور عقل، اس میں لوگ ایسے قصیدے گاتے ہیں جن کے اندر رسول ﷺ کی شان میں غلو پایا جاتا ہے، یہاں تک وہ آپ کو اللہ تعالیٰ سے بڑا قرار دیتے ہیں۔ والعياذ بالله ۔(اللہ کی پناہ)۔

انہی منکرات میں سے یہ بھی ہے جو ہم بعض جشن منانے والوں کی بے وقوفی اور کم عقلی کے بارے میں سنتے ہیں کہ جب مولد کا قصہ پڑھنے والا آپ ﷺ کی پیدائش کے ذکر پر پہنچتا ہے تو تمام حاضرین ایک ساتھ کھڑے ہو جاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ رسول ﷺ کی روح حاضر ہوگئی؛ اس لئے ہم اس کی تعظیم واجلال میں کھڑے ہوتے ہیں، یہ انتہائی حماقت اور کم عقلی ہے، نیز ادب کی شان یہ نہیں ہے کہ وہ کھڑے ہو جائیں، اس لئے کہ رسول ﷺ اپنے لئے کھڑے ہونے کو ناپسند فرماتے تھے، اور آپ ﷺ کے صحابہ کرام جبکہ وہ لوگوں میں سب سے زیادہ آپ ﷺ سے محبت کرنے والے اور ہم سے کہیں زیادہ رسول کی تعظیم کرنے والے تھے، آپ کی زندگی میں آپ کے لئے کھڑے نہیں ہوتے تھے، اس لیے کہ وہ جانتے

Free downloading facility of Videos,Audios & Books for DAWAH purpose only, From Islamic Research Centre Rawalpindi

www.ircpk.com www.ahlulhadeeth.net



تھے کہ آپ اس چیز کو ناپسند کرتے ہیں، تو پھر ان خیالی چیزوں کا کیا اعتبار۔

یہ بدعت -یعنی جشن میلاد کی بدعت- تینوں قرون مفضلہ کے بعد وجود میں آئی ہے، اور اس کے اندر ایسے منکرات کیے جاتے ہیں جس سے اصل دین میں خلل آتا ہے، مزید برآں اس کے اندر مردوزن کا اختلاط اور اس کے علاوہ دیگر برائیاں ہوتی ہیں۔

(فتاوی ارکان الاسلام لفضیلۃ الشیخ محمد بن صالح العثیمین رحمہ اللہ ص:۱۷۲-۱۷۴)

(اعداد: عطاء الرحمٰن ضیاء اللہ)*
*atazia75@hotmail.com

Free downloading facility of Videos,Audios & Books for DAWAH purpose only, From Islamic Research Centre Rawalpindi